ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(489)

09-09-2023

**بہاولپور(            )وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورکریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری،گزشتہ 48 گھنٹے میں متعدد ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کرلی۔منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا،جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن جاری ہے۔گزشتہ 48 گھنٹے میں 11 مقدمات درج رجسٹرڈ کیئے ۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 305 لیٹر دیسی شراب، 02 کلو 700 گرام چرس،15 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ سول لائینز پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف نمایاں کارگزاری 02 کلو 430 گرام ہیروئن، 05 کلو 920 گرام چرس ، 23 گرام کرسٹل آئس اور 30 لیٹر شراب برآمد کرلی۔جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 09 منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایا گیا۔اس موقع پر ڈی پی اوسید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی،خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہرصورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:وزیراعلیٰ پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورکریک ڈاؤن،متعدد ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کرلی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(488)

09-09-2023

**بہاولپور( )ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی جانب سے اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے ہیڈ کانسٹیبل سید سجاد حسین شاہ نائب ریڈر ڈی پی او آفس کے اعزاز میں پروقار تقریب کا اہتمام۔ڈی پی او نے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک تمناؤں کے ساتھ انہیں رخصت کیا۔ ہر آفیسر ریٹائرڈ ہونے کے بعد بھی محکمہ پولیس کا ممبر ہوتا ہے، آپکی گراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی جانب سے اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے ہیڈ کانسٹیبل سید سجاد حسین شاہ کے اعزاز میں پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ڈی پی او نے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک تمناؤں کے ساتھ انہیں رخصت کیا۔اس موقع پر پی اے ٹو ڈی پی او، اکاؤنٹنٹ ، انسپکٹر اسٹیبلشمنٹ اور ریڈر ٹو ڈی پی او عبدالغفار بھی موجود تھے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے ریٹائرڈ ہونے والے آفیسر کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہر ریٹائرڈ ہونے والا آفیسر ہمیشہ اس محکمہ کا حصہ رہتا ہے۔آپ نے محکمہ پولیس کیلئے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ وقف کیا، انہوں نے مزید کہا کہ یہ پولیس ڈیپارٹمنٹ آپکی گراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھے گا۔ریٹائرڈ ہونے والے ہیڈ کانسٹیبل نے اس موقع پر عزت افزائی پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ محکمہ پولیس میں اپنی زندگی کا اہم حصہ گزارا اور مجھے فخر ہیکہ میں اس باوقار ڈیپارٹمنٹ کا حصہ رہا ہوں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس و دیگر دفتری سٹاف نے اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے ہیڈ کنسٹیبل کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک تمناؤں سے رخصت کیا